حیسکو پریس ریلیز مورخہ :06.10.2026

حیسکو ہیڈ آفس میں مقرر آفس سپریڈنٹ علی مرتضیٰ مشوری ملازمت کے 38 سال مکمل کر کے 60 سال کی عمر میں ریٹائر ہو گئے۔

ریٹائرمنٹ پر حیسکو انتظامیہ کی جانب سے دیئے گئے اعزاز پر حیسکو ڈی جی ایچ آر اینڈ ایڈمن و دیگر افسران کا بے حد مشکور ہوں، جنہوں نے مجھے اتنی عزت دی ہے۔علی مرتضیٰ مشوری

آفس سپریڈنٹ علی مرتضیٰ مشوری کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈی جی (ایچ آر اینڈ ایڈمن) شفیق احمد میمن نے کہا کہ فرض شناسی، دیانتداری اور خوش اخلاقی سے فرائض انجام دینے والے علی مرتضیٰ مشوری کی خدمات قابلِ تحسین ہیں، ان کے لیے ہمارے دروازے ہمیشہ کھلے رہیں گے، علی مرتضیٰ مشوری کو ہمیشہ مسکراتے ہوئے دیکھا محنتی اور ایماندار ملازم آج 60 سال کی عمر میں ریٹائر ہو گئے ہیں۔

2015ء سے جب بھی وہ دفتر پہنچتے تو علی مرتضیٰ مشوری ان سے ملاقات کرنے والے پہلے افراد میں شامل ہوتے، کیونکہ وہ ہمیشہ وقت پر دفتر میں موجود رہتے اور اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے تھے۔منیجر (ایچ آر ایم) ناصر خان۔

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو ہیڈ کوارٹر میں بطور آفس سپریڈنٹ خدمات انجام دینے والے علی مرتضیٰ مشوری 38 سال سروس مکمل کر کے آج 06 اکتوبر 2026ء کو ملازمت کی مقررہ عمر 60 سال مکمل ہونے پر باعزت طور پر ریٹائر ہو گئے۔انہوں نے واپڈا/حیسکو میں اپنی ملازمت کا آغاز 1988ء میں بطور UDC کیا اور تقریباً 38 سال تک ادارے میں اپنی خدمات انجام دیں، اس موقع پر حیسکو کے ڈی جی (ایچ آر اینڈ ایڈمن) شفیق احمد میمن نے کہا کہ علی مرتضیٰ مشوری ایک بہترین، با اخلاق، خوش مزاج اور ذمہ دار ملازم رہے ہیں۔ہم نے انہیں ہمیشہ ہنستے مسکراتے ہوئے دیکھا اور انہوں نے اپنی کام کی ذمہ داریاں بہتر انداز میں انجام دیں۔انہوں نے ہمیشہ دیانتداری اور فرض شناسی سے کام کیا۔ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی باقی زندگی خوشیوں، صحت اور سکون سے بھر دے۔حیسکو میں ان کے لیے ہمارے دروازے ہمیشہ کھلے رہیں گے، منیجر (ایل اینڈ ایل) منجھی خان نے کہا کہ علی مرتضیٰ مشوری ایک محنتی، پروفیشنل اور ملنسار انسان ہیں، جنہوں نے دورانِ ملازمت اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائیں، منیجر (ایڈمن) سیف الدین میمن نے کہا کہ علی مرتضیٰ مشوری مجموعی طور پر ایک اچھے انسان اور ذمہ دار ورکر رہے ہیں، جبکہ منیجر (ایچ آر ایم) ناصر خان نے کہا کہ 2015ء سے جب بھی وہ دفتر پہنچتے تو علی مرتضیٰ مشوری ان سے ملاقات کرنے والے پہلے افراد میں شامل ہوتے، کیونکہ وہ ہمیشہ وقت پر دفتر میں موجود رہتے اور اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے تھے، ڈپٹی منیجر (ٹی ایم پی) علی خان جمالی نے کہا کہ انہوں نے 2016ء سے علی مرتضیٰ مشوری کے ساتھ کام کیا اور انہیں ایک محنتی، ذمہ دار اور ہمیشہ پرسکون انداز میں کام کرنے والا ورکر پایا، ڈپٹی منیجر (ایچ آر ایم) مختیار میمن نے کہا کہ انہوں نے تقریباً 30 سال علی مرتضیٰ مشوری کے ساتھ کام کیا اور انہیں ہمیشہ خوش اخلاق اور ذمہ دار پایا، ڈپٹی منیجر (سی ایم) رشید احمد نے بھی ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا، اس موقع پر موجود افسران نے علی مرتضیٰ مشوری کو حیسکو سے باعزت ریٹائرمنٹ پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنی طویل ملازمت کے دوران فرض شناسی، ایمانداری اور ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دیے، جو ان کے کردار اور پیشہ ورانہ وابستگی کا مظہر ہے۔انہوں نے کہا کہ ایمانداری اور فرض شناسی سے فرائض انجام دینے سے نہ صرف کامیابی حاصل ہوتی ہے بلکہ انسان کا ضمیر بھی مطمئن رہتا ہے۔افسران نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ حیسکو میں ان کے لیے ہمیشہ عزت و احترام کے دروازے کھلے رہیں گے، ریٹائر ہونے والے علی مرتضیٰ مشوری نے حیسکو انتظامیہ اور افسران کی جانب سے دی جانے والی عزت افزائی پر اظہارِ تشکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ لمحات ان کے لیے باعثِ فخر ہیں۔انہوں نے کہا کہ وہ ڈی جی ایچ آر اینڈ ایڈمن شفیق احمد میمن اور حیسکو کے دیگر تمام افسران کے بے حد مشکور ہیں، جنہوں نے انہیں اتنی عزت اور محبت دی، جسے وہ ہمیشہ یاد رکھیں گے۔اس موقع پر ڈپٹی منیجر (پی آر) محمد صادق کبر، عرفان اللہ، ریحان، حسان و دیگر اسٹاف ممبران بھی موجود تھے۔



حیسکو ہیڈ آفس میں مقرر آفس سپریڈنٹ علی مرتضیٰ مشوری ملازمت کے 38 سال مکمل کر کے 60 سال کی عمر میں ریٹائر ہو گئے